آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

نمبر بورڈ/انٹر/2025/1756-1780 مورخہ 16 مئی 2025ء

پریس ریلیز:

جملہ متعلقین (پرنسپل صاحبان/ پرنسپل صاحبات/ امیدواران) کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ امتحان انٹرمیڈیٹ/ میڈیکل ٹیکنالوجی پارٹ اوّل اور السنہ شرقیہ (فاضل عربی/ فاضل اردو) فرسٹ اینول 2025ء کا آغاز ان شاءاللہ 29 مئی 2025ء بروز جمعرات سے ہو رہا ہے۔ اس سلسلہ میں آن لائن سسٹم کے تحت امیدواران کی رولنمبر سلپس بورڈ کی ویب سائیٹ www.ajkbise.net,www.ajkbise.edu.pk سے Download کرنے کی سہولت کل مورخہ 17 مئی 2025ء بعد دوپہر سے میسر ہوگی۔ پرائیویٹ امیدواران اپنی رولنمبر سلپس بورڈ کی ویب سائیٹ سے انٹرمیڈیٹ/ میڈیکل ٹیکنالوجی پارٹ اوّل اور السنہ شرقیہ (فاضل عربی/ فاضل اردو) کے رجسٹریشن نمبر یا ایپ نمبر (جو کہ امیدواران کے فیس چالان پر درج ہے) کی مدد سے Download کر کے پرنٹ حاصل کر سکیں گے جبکہ ریگولر امیدواران کی رولنمبر سلپس ادارہ جات کے (Login Panel) میں دستیاب ہوں گی۔ جہاں سے وہ بذریعہ سربراہ ادارہ رول نمبر سلپس وصول کریں گے۔ امیدواران رولنمبر سلپس کا پرنٹ حاصل کرنے کے بعد سلپ پر درج تمام کوائف (نام، ولدیت، امتحانی مرکز، مضامین، سلیبس، تصویر، وقت، دن اور بمطابق جاری شدہ Revised ڈیٹ شیٹ تاریخ) کی پڑتال کر لیں۔ کسی بھی غلطی کی صورت میں راقم (کنٹرولر امتحانات کالجز) کے، فون نمبرز 05827-960006 Ext.117,140,141 اور شعبہ کمپیوٹر کے فون نمبرز 05827-960070,960071 پر رابطہ کرتے ہوئے فوری مطلوبہ درستی کروائیں۔

16/05/2025

کنٹرولر امتحانات (کالجز)

05827-960006

نقل بالا بخدمت:

1۔ پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ۔
2۔ سسٹم انالسٹ صاحبہ شعبہ کمپیوٹر بورڈ ہذا۔
3۔ ڈیٹا سپروائزر صاحب شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔
4۔ فوکل پرسن صاحب بورڈ۔
5۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت در قومی اخبارات بطور خبر۔
6۔ ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور، ترارکھل، مظفرآباد/ ڈائریکٹر صاحب FM ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ F/1 میرپور آزاد کشمیر۔
7۔ نمائندہ صاحب پی ٹی وی/ نیوز ایجنسی اے۔پی۔پی۔ ساجد پلازہ میرپور۔
8۔ نمائندہ صاحب جیو ٹی وی میرپور۔
9۔ معزز نمائندگان روزنامہ جنگ/ نوائے وقت/ اوصاف/ محاسب/ جموں وکشمیر/ جناح/ پاکستان/ شاہین/ روشنک/ عدالت/ کشمیر ٹائمز میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔
10۔ انچارج صاحبان علاقائی دفاتر مظفرآباد/ راولاکوٹ۔
12۔ آفس فائل۔

CamScanner